سوال

کیا حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کی شبیہ بنانا جائز ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی انسان یا کسی جاندار کی تصویر سازی بذات خود گناہ کبیرہ اور ایک ناجائز فعل ہے، سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ القِيَامَةِ المُصَوِّرُونَ۔ (صحیح البخاری، اللباس: 5950، صحیح مسلم، اللباس والزینۃ: 2109)

یقیناً اللہ تعالی کے ہاں قیامت کے روز سخت ترین عذاب تصویریں بنانے والوں کو ہوگا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سیدنا علی رضی اللہ عنہ اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اس امت کی افضل ترین ہستیاں ہیں۔ سینکڑوں قرآنی آیات اور متعدد احادیث میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل بیان کیے گئے ہیں، ان مقدس ہستیوں کا احترام کرنا ان کی عزت و تکریم کرنا ہمارے ایمان کا حصہ ہے، اس لیے سیدنا علی رضی اللہ عنہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا یا کسی بھی صحابی کی شبیہ بنانا جائز نہیں ہے اس میں ان کی توہین اور تحقیر ہے جس سے اجتناب ضروری ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ الحدیث حافظ مفتی عبدالستار حماد حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبدالخالق حفظہ اللہ